# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 02 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 02 جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے میں اوسطاً 62/فیصد رائے دہی۔ پرسوں ووٹوں کی گنتی۔

☆ گھر کل اسکیم کے تحت دھنگر سماج کے لئے اضافی 25/ہزار مکانات مختص۔

☆ کسانوں کے ساتھ ممکنہ جعلسازی روکنے کیلئے ریاست بھر میں خصوصی مہم۔ساڑھے تین سو ٹیمیں تشکیل۔

☆ناندیڑ پنچایت سمیتی کوISO صداقت نامہ۔

اور۔۔ ☆ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے آغاز۔وارم اپ میچ میں بھارت کی بنگلہ دیش کے خلاف 60رنوں سے فتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے میں 8/ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں،57/لوک سبھا حلقوں میں کل اوسطاً 62اعشاریہ تین فیصد رائے دہی عمل میں آئی۔مغربی بنگال میں رائے دہی کا تناسب 73/اعشاریہ سات 9فیصد۔ہماچل پردیش 70، جھارکھنڈ 70 اعشاریہ چھ چھ، اتر پردیش 55اعشاریہ پانچ نو اور اڑیسہ میں تقریباً 70اعشاریہ چھ سات فیصد رائے دہی ریکارڈ کی گئی۔تمام ہی 7 مراحل میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی منگل 4 جون کو ہوگی۔اروناچل پردیش اور سکم اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آج ہورہی ہے۔

دریں اثناء تقریباً تمام ہی خانگی ٹی وی چینلز کی جانب سے کئے گئے ایگزٹ پول کے متوقع نتائج جاری کردیئے ہیں۔اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے لوک سبھا نتائج کی روشنی میں تجزیوں کو ذرائع ابلاغ پر جاری کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے تمام ضلع ہیڈکوارٹرس پر ووٹوں کی گنتی کی تیاریاں مکمل کی جاچکی ہے۔جالنہ حلقہ انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کی تیاری کا ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کل جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ووٹوں کی گنتی کے لئے ایک ہزار 300 ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے۔کاؤنٹنگ مراکز کے سہ سطحی حفاظتی انتظامات ہیں اور سی سی ٹی وی کے ذریعے اس کی نگرانی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی حلقہ انتخاب کے لئے ایم ایس ارچنا اور ایم پی ماروتی کو خصوصی مبصر کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر جتیندر پاپڑ کرنے یہ اطلاع دی۔

نائب وزیراعلیٰ اجیت پور نے کہا ہے کہ پونا پورشے کار سڑک حادثے کے معاملے میں ریاستی حکومت اور پولس درست سمت میں کارروائی کر رہی ہے۔کل پونا میں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حادثے کے بعد سے اب تک جو افراد مبینہ مجرم نظر آئے ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے۔انہوں نے حزب اختلاف کی جانب سے عائد کردہ تمام الزامات مسترد کردیئے۔دریں اثناء اس معاملے میں نابالغ لڑکے کی والدہ شیوانی اگروال کو بھی پونا پولس نے گرفتار کرلیا ہے۔ان پر ملزم کے خون کے نمونے تبدیل کرنے اور ملزم کو باہر فرار کروانے میں مدد کرنے کا الزام ہے۔اس سلسلے میں فارینسک لیب کی دو نرسوں سے بھی تفتیش کی گئی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی گھر کل اسکیم کے تحت دھنگر سماج کے لئے اضافی 25 ہزار مکانات مختص کئے گئے ہیں۔ریاست کے ہاؤسنگ اور پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر اتول ساوے نے کل ناسک میں ایک پروگرام میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ دھنگر سماج کے 10 لڑکوں کو انگریزی زبان میں تعلیم کے لئے انتظامات کئے جائیں گے۔اوراس کے لئے ہر ضلع میں اقامت گاہ بھی تعمیر کی جائیگی۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اوراعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت جماعت دہم اور بارہوین کے سپلیمنٹری امتحانات 16 جولائی سے شروع ہونگے۔بارہویں کے امتحانات 16 ر جولائی سے 8 اگست کے درمیان اور جماعت دہم کے امتحانات 16 تا 30 جولائی کے دوران ہونگے۔ان امتحانات کا ٹائم ٹیبل بورڈ کی ویب سائٹ ''مہا ایچ ایس ایس سی'' ڈاٹ ان پر کل سے دستیاب ہوگا۔ریاستی تعلیمی بورڈ کی سیکریٹری انورادھا اوک نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

ریاست میں جماعت سوم تا بارہویں جماعت کے تعلیمی نصاب سے متعلق مسودہ تیار کرلیا گیا ہے۔قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے مطالبہ کیا ہے کہ اس مسودے کے نقائض کو دور کرنے اور شکایات کے ازالے کیلئے اضافی وقت دیا جائے۔اور شکایات درج کرنے کیلئے آخری تاریخ میں توسیع کی جائے۔انہوں نے ریاستی تعلیمی تحقیقاتی وتربیتی کونسل کے ڈائریکٹر کو ایک محضر ارسال کر کے یہ مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن یعنی ایس ٹی کا 76 ر واں یوم تاسیس کل ریاست بھر کے 560 سے زائد بس اسٹینڈ پر جوش وخروش سے منا یا گیا۔تمام بس اسٹینڈز کو اس کیلئے سجایا گیا تھا۔اس موقع پر مسافروں کا گلاب کے پھول دیکر استقبال کیا گیا۔ چھتر پتی سمبھاجی نگر میں مسافروں میں پھول اور مٹھائی تقسیم کر کے ایس ٹی کی سالگرہ منائی گئی۔بس ڈپو کے سربراہ سنتوش نظر نے بتایا کہ ڈویژن میں روزانہ ایک ہزار 600 بس پھیریوں کی 17 ہزار سے زائد مسافر خدمات سے استفادہ کرتے ہیں۔آئندہ ایک سال میں جدید طرز کے بس اسٹینڈ تعمیر کئے جانے کی اطلاع ڈپو منیجر سنگیتا سوریہ ونشی نے دی۔

***** ***** *****

کسانوں کے ساتھ جعلسازی کو روکنے اور درست معیار کے تخم،کھاد اور کیڑے مار ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ریاست بھر میں رسد کاروں کی جانچ کی مہم چلائی جارہی ہے۔پونا ڈویژن کے زراعت کے ڈائریکٹر وکاس پاٹل نے یہ اطلاع دی۔اس مقصد کیلئے ریاست میں ساڑھے تین سو فلائنگ اسکواڈ تشکیل دیئے گئے ہیں۔پاٹل نے غیر مصدقہ نمونوں کے معاملے میں سخت کارروائی کا انتباہ بھی دیا اور کہا کہ سبسیڈی والی یوریا کھاد کے غلط استعمال کو روکنے کے لئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ناندیڑ پنچایت سمیتی نے ضلع پریشد کی چیف ایگزیکٹیوافسر منل کرنوال کی رہنمائی میں آئی ایس اوسرٹیفکیٹشن حاصل کرلیا۔ناندیڑ پنچایت سمیتی ہال میں منعقدہ ایک پروگرام میں گروپ ڈیولپمنٹ افسر پانڈورنگ نارؤلکرکوآئی ایس اوصداقت نامہ تفویض کیا گیا۔کرنوال نے اس موقع پراپیل کی کہ دیگر پنچایت سمیتیاں بھی اس سے تحریک حاصل کریں۔پنچایت سمیتی نے مرکز اور ریاستی حکومتوں کی مختلف اسکیموں پر موثر عمل آوری،موثر نگرانی،استفادہ کنندگان کوفوری خدمات کی فراہمی اورزیرو پینڈنسی ک بنیاد پر یہ درجہ بندی دی گئی ہے۔

***** ***** *****

امریکہ اورویسٹ انڈیز میں مشترکہ طور پر کھیلے جانے والے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔آج ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ امریکہ اوکینیڈا کے مابین کھیلا جائیگا۔ٹورنامنٹ میں بھارت کا پہلا میچ 5رجون کوآئرلینڈ کے ساتھ ہوگا۔

اسی دوران ٹورنامنٹ کے وارم اپ میچ میں کل بھارت نے بنگلہ دیش کی ٹیم کو60رنوں سے شکست دیدی۔جیت کیلئے بھارت کی جانب سے دیئے گئے 183رنوں کے ہدف کے تعاقب میں بنگلہ دیش کی ٹیم مقررہ اوورس میں 9روکٹ کے نقصان پر122رن ہی بناسکی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے این ون علاقے میں رحم مادر میں بچے کے جنس کی جانچ کا تیسرا ریکٹ سامنے آیا ہے۔اس سلسلے میں گذشتہ ایک ماہ میں تین پولس تھانوں میں اس خصوص میں مقدمات درج ہو چکے ہیں اوراس ضمن میں 18رملزمان کوگرفتارکیا جاچکا ہے۔ان تین ریکٹس کا جال والوج،گارکھیڑہ،سلوڑ اوربھوکردن میں 10رسے زائد دیہاتوں تک پھیلا ہوابتایا جاتا ہے۔

***** ***** *****

عثمان آباد لوک سبھا کی مہایوتی کی امیدوارارچنا پاٹل کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ارچنا پاٹل کا کاغذات نامزدگی داخل کرتے وقت منعقدہ جلسہ بلا اجازت ہونے کا فیصلہ انتخابی کمیشن نے دیا ہے۔اس لئے دیڑھ ماہ بعدان کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مقدمہ درج کئے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے اردھاپور تعلقے کے چورمبی پائی میں پولس ٹیم کی جانب س لگائی ناکہ بندی کے دوران ایک تیز رفتار ٹرک نے کل ایک پولس ملازم کو کچل دیا۔جس کے باعث وہ جائے حادثے پر ہی ہلاک ہوگیا۔اس سلسلے میں اردھاپور پولس تھانے میں ٹرک ڈرائیور کے خلاف مقدم درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے میں اوسطاً 62 / فیصد رائے دہی۔ پرسوں ووٹوں کی گنتی۔

☆ گھر کل اسکیم کے تحت دھنگر سماج کے لئے اضافی 25 / ہزار مکانات مختص۔

☆ کسانوں کے ساتھ ممکنہ جعلسازی روکنے کیلئے ریاست بھر میں خصوصی مہم۔ ساڑھے تین سو ٹیمیں تشکیل۔

☆ ناندیڑ پنچایت سمیتی کو ISO صداقت نامہ۔

اور۔۔ ☆ ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا آج سے آغاز۔ وارم اپ میچ میں بھارت کی بنگلہ دیش کے خلاف 60 رنوں سے فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****